اصول و تاریخ اور ان کے مسلک کی تحقیق و تردید میں کی ہے ۔ بے شمار مسائل میں انھوں نے اہل حدیث کی تحقیقات کی کمزوریوں کو واضح اور حنفی مسلک کی ترجیح کو ثابت کیا ہے ۔ جن حضرات کا یہی ذوق ہو ان کے لیے تو یہ کتاب ایک ارمغان علمی و دینی کی حیثیت رکھتی ہے ۔ ۹۱۰ صفحے کی یہ ضخیم کتاب جمعیتہ اہل سنتہ لاہور نے شائع کی ہے ۔

Muhammad the Educator of Mankind

محمد ، معلم انسانیت ، عبدالغفور چوہدری کی یہ انگریزی تالیف دو حصوں میں ہے ۔ پہلے حصے میں سات اور دوسرے حصے میں ۲۳ مضمون یا مباحث ہیں۔ کتاب میں تعلیم کی اسلامی روایات اور تصور سے لے کر تعلیم و تدریس کے مسائل اور تعلیم و تربیت کی مختلف سطحوں اور دائروں تک میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی رہنمائی سے بحث کی گئی ہے ۔ کتاب کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ مؤلف کو نہ صرف تعلیم سے بہ حیثیت فن کے بلکہ انسانیت کی تعمیر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث شریفہ اور سیرت مبارکہ سے خاص دلچسپی ہے ۔ یہ کتاب دراصل حدیث نبوی انما بعثت معلمًا کی دلآویز اور فکر انگیز و ایمان افروز شرح ہے ۔ بزم اقبال ،لاہور کی نئی مطبوعات میں یہ ایک اہم کتاب شمار کی جائے گی ۔

اقبال

اقبال ، بزم اقبال کا سہ ماہی مجلہ ہے ۔ اس کی چالیسویں جلد کا تیسرا شمارہ بابت ماہ جولائی ۱۹۹۴ء شائع ہوا ہے ۔ ایک عرصے تک اس کی اشاعت بند یا بے ترتیب رہنے کے بعد ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کی ادارت میں پچھلے کئی سالوں سے باقاعدگی کے ساتھ شائع ہونے لگا ہے ۔ اس کا ہر شمارہ اقبالیات میں علمی و تحقیقی مضامین کا ایک عمدہ مجموعہ ہوتا ہے ۔ زیر نظر شمارہ بھی متعدد علمی و تحقیقی اور فکر انگیز مقالات پر مشتمل ہے ۔ لکھنے والوں میں محمد حنیف شاہد ، ڈاکٹر سلیم طارق ، ڈاکٹر سید سلطان محمود حسن ، کلیم اختر ، جاوید بلوچ ، رئیس علی منظر ، استاد دینی ہادی ، (مترجم سید اختر حسین) اختر راہی ، حصہ اردو میں اور ڈاکٹر اقتدار حسن اور ڈاکٹر نسرین ارشاد حصہ انگریزی میں شامل ہیں ۔ اس میں اقبالیات کے علاوہ دیگر علمی و فکری موضوعات اور علمی و فکری اور تاریخی شخصیات پر بھی مضامین ہوتے ہیں ۔